# تم میرے لئے کیسا گھر بناؤ گے؟

# WHAT HOUSE WILL YOU BUILD ME?

شکریہ، بھائی گرین۔ یہ اعزاز کی بات ہے۔ بھائی اور بہن گرین کو، اور اُن سب کو جو آج صبح یہاں موجود ہیں سلام پیش کرتا ہوں۔ اور یہ ایک اعزاز ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ مجھے دیا گیا ہے، تا کہ اس عبادت گاہ میں آ کر، کچھ اعلان کروں۔

(2) میں یہاں بھائی گرین کا وقت نہیں لینا چاہتا، کیونکہ میں نے کئی مرتبہ بھائی گرین کو، منادی کرتے سنا ہے، اور یقیناً میں ان سے کافی متاثر ہوں، اور یہ خداوند کا کلام ہمارے پاس لے کر آئے ہیں، اور اس بارے میں کافی فروتن ہیں۔ گذرے روز بھائی نے کہا، ''مجھے کلام خداوند کی طرف سے ایسے نہیں ملتا جیسے مکاشفہ میں ملتا ہے، جیسے۔ جیسے نازل ہوتا تھا، لیکن،'' کہا، ''میں۔ میں اُس پر زور دینا چاہتا ہوں جو نازل ہو چکا ہے۔'' اُس نے کہا، ''جو کچھ پولوس نے بائبل میں لکھا ہے، میں یہاں اُس پر زور دینے آیا ہوں جو اُس نے فرمایا ہے۔'' کہا، ''میرے پاس کوئی پیغام نہیں ہے، صرف اُس پر زور دینے آیا ہوں جو خداوند کی طرف سے فرمایا گیا ہے۔'' اب یہ کافی عمدہ بات ہے، کہ ایک۔ ایک اس طرح کا جوان ساتھی، یہ کہے، اور ایسا بیان دے۔

اب آئیں مل کر اکٹھے دُعا کرتے ہیں۔

(3) عزیز خدا، میرے لئے یہ جاننا مشکل ہے کہ کہاں سے شروع کروں، اور میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ تو آج یہاں موجود ہے، اور تیری حضوری میں ہم اپنے آپکو ہمیشہ بہت چھوٹا محسوس کرتے ہیں۔ اور میں۔ میں اس موقع کے لیے تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اب، خداوند، تُو نے ہمیں یہ جگہ عطا کر دی ہے، ہم دُعا کرتے ہیں کہ جب بھی ہم یہاں آئیں تو ہم سے یہاں ہر بار ملاقات کیا کرنا۔ اور

کاش تیرا عظیم رُوح اس شہر پر جنبش کرتا رہے! کاش ہم اس قابل ہو جائیں کہ ہم اس انجیل کے پیغام کو پھیلا سکیں جو ہمارے ہاتھوں میں ان آخری دنوں میں دیا گیا ہے، اور کلام پورا ہو، اور تُو ہر اُس رُوح کو ٹیوسان اور اسکے گرِ د سے نکال لے، جسکو تُو نے زندگی کے لیے مقرر کیا ہے۔ اے باپ، اِن جانوں کو یسوع مسیح، کے نام میں بخش دے۔ آمین۔

(4) میرا خیال ہے کہ آج صبح میں اس حوالہ سے چھوٹی سی آیت پڑھنا چاہتا ہوں، اس سے پہلے کہ میں کچھ باتیں کہوں جو میں بیان کرنا چاہتا ہوں۔ یہ اعمال کی کتاب میں موجود ہے، اعمال کی کتاب کا 7 واں باب ہے۔ اور جبکہ آپ اسے نکال رہے ہیں، تو دیکھیں ہم اسے 44 ویں آیت سے شروع کرینگے۔

(5) دیکھیں ہم اس ہفتے شریو پورٹ جا رہے ہیں، اور آنے والے ہفتے میں، عبادات کی ایک سیریز ہے، اگر خداوند کی مرضی ہوئی، تو ہم کوشش کرینگے۔ بھائی مور، بھائی جیک مور، بھائی پیری اور میرا بلکہ ہم دونوں کا بہت ہی اچھا دوست ہے، اور ہم بھائی جیک سے پیار کرتے ہیں۔ اس پیغام نے، میرا خیال ہے، اس نے اُسے حیرت زدہ کر دیا ہے، خاصکر اُن باتوں میں جو ہم تھامے ہوئے ہیں اور اُن پر ایمان رکھتے ہیں، جو- جو ہمارے پاس سات مہروں کے وسیلے آئی ہیں، اور ہم ان پر ایمان رکھتے ہیں، جیسے، ''سانپ کی نسل،'' اور'' ایمانداروں کا ابدی تحفظ،'' اور- اور مزید ایسی بہت سی باتیں ہیں، اور اس طرح کے پیغامات ہیں۔ یہ، دوسروں کے لیے ہو سکتی ہیں...... میں نہیں سمجھتا یہ ہمارے مشکل ہیں، لیکن، دیکھیں، آپکو سچائی کے لیے دل کھولنے کی ضرورت ہے۔ ہم ایمان رکھتے ہیں کہ -کہ ہم آخری وقت میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ یہ ہمارے لیے حقیقت سے بڑھ کر ہے، کہ ہم راہ کے اختتام پر ہیں۔

(6) اور کسی دوسرے شخص کے چرچ میں جا کر منادی کرنا، یقیناً، آپکو اُس انسان کی مہمان نوازی کی عزت کرنی چاہیے، جس نے آپکو اپنے- اپنے چرچ میں آنے کا موقع دیا۔ اور میں، یقیناً، یہ جانتے ہوئے کہ وہ اس بات پر ایمان نہیں رکھتے، پھر بھی اُنکی عزت کرونگا...... اور بھی بہت کچھ ہے جس پر میں بات کر سکتا ہوں، نہ کہ میں صرف ان باتوں پر بات کروں؛ جب تک رُوح اُلقدس اس

بات پر زور دینے کیلئے نہ کہے، آپ دیکھیں، پھر میں یقیناً یہ کہوں گا جو اُس نے کہا ہے۔ اور میں اس سے بہتر اور کچھ نہیں سمجھتا جو میں کر سکتا، اور میں پُر اُمید ہوں کہ میں اس سے بہتر اور کچھ سیکھنا نہیں چاہتا۔ دیکھیں؟ بالکل ویسے کہیں جیسے کلام کہتا ہے۔

(7) اب آئیں اعمال کے۔ کے ساتویں باب میں سے، ایک-ایک یا دو آیات پڑھتے ہیں، 44ویں آیت سے شروع کرتے ہیں۔

شہادت کا خیمہ بیابان میں ہمارے باپ دادا کے پاس تھا، جیسا کہ موسیٰ سے، کلام کرنے والے نے حکم دیا تھا، کہ جو نمونہ تو نے دیکھا ہے اُسی کے موافق اسے بنا۔

اُسی خیمہ کو ہمارے باپ دادا اگلے بزرگوں سے حاصل کر کے یشوع کے ساتھ لائے جس وقت اُن قوموں کی ملکیت پر قبضہ کیا، جن کو خدا نے ہمارے باپ دادا کے سامنے نکال دیا، اور وہ داؤد کے زمانہ تک رہا؛

اُس پر خدا کی طرف سے فضل ہوا، اور اُس نے درخواست کی کہ میں یعقوب کے خدا کے واسطے مسکن تیار کروں۔

مگر سلیمان نے اُس کے لیے گھر بنایا۔

لیکن باری تعالیٰ ہاتھ کے بنائے ہوئے گھروں میں نہیں رہتا؛ چنانچہ نبی کہتا ہے کہ،

خداوند فرماتا ہے،......آسمان میرا تخت: اور زمین میرے پاؤں تلے کی چوکی ہے: تم میرے لیے کیسا گھر بناؤ گے: یا میری آرامگاہ کون سی ہے؟

کیا سب چیزیں میرے ہاتھ سے نہیں بنیں؟

(8) اس کلام کی، تلاوت پر، میں کچھ باتیں آپ سے کرنا چاہتا ہوں اس سے پہلے کہ بھائی پیری آج صبح کا پیغام ہم تک پہنچائیں۔

(9) میں اس ٹیوسان کے دورے کو سب سے عظیم لمحات سمجھتا ہوں۔ میں یہاں اس لیے آیا ہوں کیونکہ مجھے یہاں لایا گیا ہے۔ میں یہاں اس لیے آیا ہوں کیونکہ رُوح اُلقدس نے، رویا کے وسیلہ، مجھے یہاں بھیجا ہے۔ میں جانتا ہوں شاید، یہ بہت عجیب لگے۔ لیکن وہ ہے، اور جہاں تک میں جانتا

ہوں، اور جو بھی میں خدا کے بارے میں جانتا ہوں، میں رویا کے وسیلے ٹیوسان آیا ہوں۔ میں حیران ہوں کہ کیسے مجھے یہاں اس ریگستانی جگہ میں بھیجا گیا ہے۔اور پھر یہاں وہ ہے……

(10) رُوحانی طور پر، اس شہر کے بارے میں بات کرتے ہوئے، میں یہاں ٹیوسان کے شہر کی نسبت، کوئی ایسی جگہ نہیں جانتا جو اسطرح سے رُوحانی طور پر مردہ ہو۔ یہاں چر چز کے درمیان جنگیں ہورہی ہیں۔کلیسیاؤں کے درمیاں تکرار ہورہی ہے۔کوئی اتحاد نہیں ہے،اور ہر کوئی کھینچا تانی کررہا ہے، اور قبضہ کررہا ہے، اور نچوڑ رہا ہے، اور کسی کو لینے، اور مذہبی بنانے کی کوشش کررہا ہے۔ یہ ایک ریگستان ہے، رُوحانی طور پر، بات کررہا ہوں۔

(11) دیکھیں میں بائبل میں پڑھتا ہوں، کیسے خدا نے موسیٰ کو اُسکے پیاروں سے اور اُسکے عزیزوں سے الگ کیا، اور اُسے بیابان میں بھیج دیا، تاکہ بائبل کے قوانین لکھے۔اور یہ پرانہ عہد نامہ کی، پہلی چار کتابیں تھیں، پیدایش، احبار، استثنا، اور خروج۔ وہ…… میں نے اِنہیں ترتیب سے بیان نہیں کیا، لیکن یہ وہ چار کتابیں ہیں۔ جو واقعی پُرانا عہد نامہ میں ہیں۔ اور، باقی حصہ وہ ہے جو باقی نبیوں نے کہا ہے، داؤد کے زبُور، اور بادشاہوں کی تواریخ، اور وغیرہ وغیرہ۔لیکن یہ پُرانے عہد نامے کی بنیاد ہیں۔اور موسیٰ نے انہیں لکھا تھا جب اُس کو اُسکی سرزمین سے، جہاں وہ پیدا ہوا تھا اور جن لوگوں میں اُس نے پرورش پائی تھی باہر بلایا گیا، اور وہ بیابان میں بھیجا گیا، تاکہ پرانے عہد نامے کی کتاب لکھے۔

(12) پھر میں نئے عہد نامے کی کتاب میں دیکھتا ہوں، جہاں پولوس، جو کہ بانی ہے، یا بانی نہیں، بلکہ نئے عہد نامہ کو لکھنے والا ہے۔ اُسکو بھی اپنے لوگوں سے دور بھیجا گیا، اور، رُوح کے وسیلہ، عرب میں، وہ ساڑھے تین سال تک رہا، تاکہ الہام حاصل کرے۔اور پولوس نئے عہد نامہ کا اعلیٰ لکھاری ہے۔اب، یہاں متی، مرقس، لوقا، اور یوحنا ہیں، لیکن یہ سب کاتب تھے جنہوں نے صرف وہ لکھا جو یسُوع نے کہا تھا کیونکہ وہ اُسکے ساتھ رہتے تھے۔اور، دیکھیں، آپ تیمتھیس کی کتاب لیں، اور پھر رُومیوں کو لیں، عبرانیوں کو لیں، اور وغیرہ وغیرہ، یہ پولوس تھا جسے نیا عہد نامہ لکھنے کی تحریک ملی؛ اور پورے پرانے عہد نامہ کو بطور عکس لیا، اور ترتیب دی۔ اور خدا نے اس بات کی قدر کی، اور اسے نیا

عہد نامہ بنایا دیا۔

(13) اور اب پرانے عہد نامہ کو دوسری جگہ لے جایا گیا...... بلکہ اُسکے لکھاری کو لوگوں سے دور، بیابان میں بھیجا گیا، تا کہ پرانے عہد نامہ کو لکھنے کی تحریک حاصل کرے۔ اور اسی طرح نیا عہد نامہ، لکھنے والے کو بانی کے وسیلہ، دور ریگستان میں بھیجا گیا، تا کہ نیا عہد نامہ لکھنے کی تحریک حاصل کرے۔ اور کتابوں کو سات مہروں سے مہر بند کر دیا گیا؛ میرا ایمان ہے، اِن دنوں میں، سات مہروں کو کھولنے کے لیے بھی، ٹھیک اُسی تحریک کی ضرورت تھی۔ عزیز و آپکو وہ چھوڑنا ہے جو آپ نے پکڑا ہوا ہے، جس سے آپ خوش ہیں، ایک چھوٹا سا گھر مجھے لوگوں کی طرف سے دیا گیا تھا، اور میں اپنے سب لوگوں اور دوستوں کے درمیان رہتا تھا، اور ایک چرچ تھا جو ترقی کر رہا تھا، اور اُس میں کسی چیز کی کمی نہیں تھی؛ لیکن-لیکن اُسے چھوڑنا پڑا، اُس سے الگ ہونا پڑا، اور آگے، ریگستان میں جانا پڑا جہاں آپ کسی کو جانتے نہیں تھے، اور ہر چیز آپکے خلاف تھی۔

(14) لیکن خدا کے متعلق کچھ تو ہے، وہ انسان کو ایسے کام کرنے کیلئے بھیجتا ہے جو انسان کی سوچ سے بالاتر ہوتے ہیں، تا کہ وہ خدا کے جلال اور عزت کے لیے ہوں۔ اور میں محسوس کرتا ہوں، یہ اپنی عزت کیلئے نہیں ہیں، اور میں- میں نے اُن سب چیزوں کو چھوڑنا اعزاز سمجھا جو میرے لیے بہت عزیز تھیں، تا کہ بیابان میں جا کر وہ سب کچھ برداشت کر سکوں جو میں نے اپنی زندگی میں، یہاں اِس بیابان میں، یا اِس ریگستان میں برداشت نہیں کیا تھا۔ اور میں وہی کام کرنے، اور اُسکی پیروی کرنے پر ایمان رکھتا ہوں جو خدا نے ہمیں کرنے کو کہا ہے، خدا نے ہم پر اپنے بھید اس آخری زمانے میں کھول دیئے ہیں۔ اور ہم یہاں اس پیغام کے ساتھ کھڑے ہیں۔

(15) اب، بہت سے لوگ تھے جنہوں نے میری پیروی کی، اور یہ کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے۔ عام طور پر ایک شخص ہم سے...... بلکہ لوگ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں، اور، محبت، آپکو وہ کام کرنے پر مجبور کر دیں گی جو آپ سوچتے ہیں کہ نہیں کر سکتے۔ اور آپ میں سے بہت سارے اپنے گھر چھوڑ آئے، آپ نے سب کچھ چھوڑ دیا، اور باہر نکل آئے، تا کہ بیابان میں ٹھہریں۔

(16) بہت سے لوگوں نے مجھے بلایا، بہت سے لوگوں نے مجھ سے پوچھا، ''کیا ہم ایری زونا

آئیں؟ کیا یہ ہمارے لیے اچھی جگہ ہوگی؟'' دیکھیں، جیسے موسیٰ اور دوسروں کو کہا گیا تھا، یہ کوئی پھل والی جگہ نہیں تھی، یہ کوئی انار والی جگہ نہیں تھی۔

(17) یہاں بہت زیادہ کام نہیں ہے، اور رہنا بھی بہت مہنگا ہے، اور رہنے کا خرچہ بھی کافی زیادہ ہے۔ ٹیوسان، ایری زونا، رہنے کیلیئے کافی مشکل جگہ ہے؛ اُجرت بھی بہت کم ہے، اور- اور کھانا بہت مہنگا ہے، اور کرایہ بھی زیادہ ہے۔ اس- اِس معاملے میں، یعنی رہنے کے لیے نامناسب جگہ ہے۔ لیکن یہ صحت مند جگہ ہے، اور خشک جگہ ہے۔ اور ہم کبھی کبھی...... دیکھیں ہمیں اپنا ذہن دُنیا کی چیزوں پر نہیں لگانا چاہیے۔

(18) ہمیں رُوح اُلقدس کی رہنمائی کو دیکھنا چاہیے۔ لیکن ایک مشکل جسکا سامنا مجھے یہاں آتے ہوئے کرنا پڑا، وہ لوگوں کو بتا رہا ہوں، ''دیکھیں، آپکو آنا چاہیے،'' یا، ''آپکو نہیں آنا چاہیے،'' اِس کا فیصلہ آپکو انفرادی طور پر کرنا ہے، جیسے خُدا آپکی رہنمائی انفرادی طور پر کرے۔ میں سوچتا ہوں ہم سب کو ایسا ہی کرنا چاہیے، پاک رُوح کو رہنمائی کرنے دیں، کہ کیا کرنا چاہیے۔

(19) اور آپ میں سے بہت سارے یہاں جیفرسن ویل سے ہیں، اور جو کلیسیا وہاں موجود ہے، آپ وہاں سے آئے ہیں۔ اب، وہ چیز جسکے لئے میں پریشان تھا، وہ پرستش کی جگہ تھی۔

(20) اور میں نے محسوس کیا، جیسے ہی میں نے یہ حوالہ پڑھا، جو استفنس اور اُسکے بیان کے بارے میں ہے جو اُس نے اپنی موت سے پہلے دیا تھا؛ کیونکہ اُسکے پیغام کے فوراً بعد، اُنہوں نے اُسے سنگسار کر دیا تھا۔ اور وہ بول رہا تھا، اُس نے کہا، ''ہمارے باپ دادا،'' یعنی ابتدائی دور کے عبرانیوں کی بات کر رہا تھا، کیسے اُنہوں نے خُدا کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی، اور پرستش کی جگہ تعمیر کی۔ اُس نے کہا، ''سلیمان نے اُسکے لیے ایک گھر، یا ایک عمارت بنائی۔'' ہم اس کہانی سے واقف ہیں۔

(21) لیکن مجھے اُسکے اگلے الفاظ پسند ہیں، ''لیکن باری تعالیٰ ہاتھ کے بنائے ہوئے گھروں میں نہیں رہتا۔'' ایک اور جگہ یسعیاہ میں، وہ کہتا ہے، '''تُو نے میرے لیے ایک بدن تیار کیا ہے: دیکھیں، قربانی اور ہدیے، اور عمارتیں، اور بہت کچھ ہے، لیکن تُو نے میرے لیے ایک بدن تیار کیا ہے۔''' دیکھیں، اگر ہم غور کریں تو یہ اُس بدن کی بات ہے جس میں خدا قیام کر رہا تھا، یعنی مسیح میں۔

(22) لیکن آج میں ایمان رکھتا ہوں، وہ تحریک جو- جو بھائی گرین کو ملی ہے، کہ یہاں منتقل ہو جائے ، اور بھائی اور بہن گرین نے ، اپنی وہ جگہ چھوڑ دی جو وہاں مشرق میں، تھی ، اور...... پیچھے ٹیکساس میں تھی ، تا کہ یہاں آ جائیں......اور کچھ نہ ہوتے ہوئے بھی کام شروع کریں؛ یہ بالکل ایک تحریک کے وسیلے ہوا ہے، اور وہ محسوس کرتے ہیں کہ اُنھیں یہ کرنا چاہیے۔ میں اُن بھائیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں جو مسیح کی رہنمائی میں چلتے ہیں، اس سے قطع نظر کہ اسکی کیا قیمت ادا کرنی پڑ یگی۔

(23) ہوسکتا ہے پوری دُنیا، یا آپکے بہت اچھے دوست، یہ سوچیں کہ آپ غلط ہیں، لیکن یہ آپکے کیلئے غلط نہیں ہے۔ کیونکہ آپ محسوس کرتے ہیں کہ اسکے پیچھے کوئی ہے، اور وہ خُدا ہے جو آپکو چلا رہا ہے؛ اور یہ کبھی غلط نہیں ہوگا، اور یہ ہمیشہ تول میں ٹھیک نکلے گا۔

(24) اس نوجوان جوڑے کو دیکھیں، یہ باصلاحیت جوان شخص ہے۔ میں یہ اس لیے نہیں کہہ رہا کہ یہ یہاں بیٹھا ہوا ہے۔ اور یہ نوجوان خاتون اپنے بچوں کے ساتھ یہاں موجود ہے، جو اِس کے گھرانے کی پرورش کر رہی ہے، اِس نے اپنی نوکری اور باقی سب کچھ چھوڑ دیا ہے، تا کہ یہاں رہے۔

(25) میں نے غور کیا ہے کہ کئی سال پہلے مجھے خدمت میں بلایا گیا تھا۔ میں کبھی کامیاب پاسٹر نہیں رہا، کیونکہ مجھ میں ایک گھومنے، پھرنے والی رُوح ہے۔ میں کہیں بھی مطمئن نہیں ہوسکتا۔ جہاں مجھے رُوح لے جاتا ہے، مجھے بس اُسکے ساتھ جانا ہوتا ہے، کیونکہ میرے پاس پیغام ہے۔ یسوع نے کہا، ''مجھے دوسرے شہر میں بھی منادی کرنی ہے۔''

(26) لیکن یہاں وہ چرواہے ہیں جو گلّہ کی نگہبانی کرتے ہیں۔ میں بہت خوش ہوں کہ بھائی پیری نے رُوح اُلقدس کی رہنمائی کی پیروی کی ہے، اور آج ہمارے پاس ایک ٹیبرنیکل ہے۔ یہ چھوٹا سا ہے۔ لیکن یہ شروع کرنے کے لیے بہت اچھا ہے، یہاں دیکھنے کے لیے رُوح اُلقدس ہے...... یہ نہیں جانتے، کہ ہم قدم باقدم بڑھتے ہیں۔ اب، میں یقین کرتا ہوں، کہ خُدا نے بھائی اور بہن گرین سے بات کی ہے، تا کہ یہاں آئیں، اور اس جگہ کا آغاز کریں جہاں ہمارے بچے؛ اتوار کو سائیکل چلانے کی بجائے، اور سڑکوں پر گھومنے کی بجائے جمع ہوسکیں، اور انکے لئے عبادت کی ایک جگہ ہو، نہ کہ ادھر اُدھر بیٹھیں اور بیٹھ کر ریڈیو سنیں جو ہم نے سُنا ہے، یہ درست ہے۔

(27) لیکن ہم، بحیثیت لوگوں کا ایک گروہ ہیں، اور ہمارے پاس آج کے زمانے کا پیغام ہے۔ ہم، ہم ایمان رکھتے ہیں کہ خدا نے ہمیں ایک پیغام دیا ہے۔ اور بھائی گرین، دیکھیں، میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ وہ مجھ سے منسلک ہیں، کیونکہ ہم...... بلکہ، اِس طرح ہے، کہ، وہ میرے ساتھی ہیں، کیونکہ ہم اس پیغام میں ایک ساتھ ہیں۔ بھائی گرین بھی وہی منادی کرتے ہیں اور وہی پیغام دیتے ہیں جس پر میں ایمان رکھتا ہوں۔ اس نے اپنا گھر چھوڑا ہے، اس نے اپنے لوگ چھوڑے ہیں، اس نے اپنا چرچ چھوڑا ہے۔ اور، مجھے یقین ہے، کہ وہ تنظیموں میں سے ایک کا، ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ یا کچھ اور تھا، اور اس نے سب کچھ چھوڑ دیا ہے جب سے اس نے یہ پیغام سنا ہے۔ اس نے وہ سب کچھ چھوڑ دیا جو اسے عزیز تھا، تاکہ، اس ریگستان میں اُسکی حمایت کرے جو خُدا نے ہمیں دیا ہے۔

(28) میں کہتا ہوں میں ایمان رکھتا ہوں یہ صرف ہمارے دلوں میں نہیں ہونا چاہیے، بلکہ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ اسکے ساتھ کھڑے ہوں، وہ سب کریں جو ہم کر سکتے ہیں، تاکہ عبادات میں شامل ہوں، اور یہاں آکر اُسکی پرستش کریں، اور اس جگہ کو ایسا بنائیں جہاں ہم پر وہ باتیں آشکارا ہوں جو وہ کرنا چاہتا ہے۔ اور جیسا کہ اِس بھائی نے اپنے کلام میں کہا، "میرے پاس کلام الہام کے وسیلے نہیں آتا، جیسا کہ ہم میں سے کچھ پاس آتا ہے، لیکن،" اُس نے کہا، "میں خدا کے دیئے ہوئے کلام کی حمایت کیلئے یہاں کھڑا ہوں۔" کیا شاندار بیان ہے! اور میں ایمان رکھتا ہوں، ہم سب مل کر اسکی حمایت کریں، اور ہم سب پورے دل سے اسے قبول کریں۔

(29) میں جانتا ہوں کہ آپ میں سے ہر ایک، ویسا ہی محسوس کرتا ہے جیسا میں محسوس کرتا ہوں، کیونکہ میں خُدا کے رُوح کی جنبش دیکھنے کے لیے بہت بھوکا ہوں، میں مشکل سے یہاں کھڑا ہوسکتا ہوں۔ کچھ تجربات ہیں جو مجھے پہاڑوں میں حاصل ہوئے تھے، میں اُنہیں ایک بار پھر سے محسوس کرنا چاہتا ہوں، جس طرح میں نے نجات کے آغاز میں کیا تھا اور میرا دل بہت پُر جوش تھا! دیکھیں ہم ایک جگہ اکھٹے ہوسکتے ہیں، اور ہم بیٹھ سکتے ہیں اور اس بات کو اپنے درمیان دیکھ سکتے ہیں، کہ ہم مر رہے ہیں۔ اور ہم یہاں اس ریگستان میں بیٹھے ہوئے ہیں، میں اپنے بھائیوں کے درمیان ہوں، وہ مجھ سے بات کرتے ہیں اور میں اُن سے بات کرتا ہوں؛ اور ہمیشہ، سادگی سے دیکھتے

ہیں، اور رُوح کو محسوس کرتے ہیں، جیسے یہ تھا، تا کہ اُس بھائی کی حالت دیکھیں، اور یہ دیکھیں کہ کیا غلط ہوا ہے۔ میں نے یہ محسوس کرنا شروع کیا ہے کہ ہم سب آرام پسند ہو گئے ہیں، اور رُوح سے دور جا رہے ہیں۔ یہ چیز ہمارے لیے بہت فطری بن چکی ہے۔ ہمیں رُوح میں پرستش کرنی چاہیے، جہاں خداوند کا رُوح ہے...... صرف ہمارا پیغام اس گھڑی کی آگ نہیں ہونا چاہیے، بلکہ یہ آگ ہمارے دل میں بھی ہونی چاہیے۔ سمجھے؟ یہ ہمارے دلوں میں ہونی چاہیے، ورنہ ہم-ہم اس پیغام کو لوگوں کے سامنے ٹھیک بیان نہیں کر سکتے۔ رُوح خود، اس پیغام کو باندھ کر رکھتا ہے۔ اور مجھے آپ سب پر بھروسہ اور یقین ہے، کہ آپ حقیقی مسیحی بنیں گے۔

(30) اب انہیں سنڈے سکول ٹیچرز کی ضرورت ہے۔ انہیں اسٹاف کی ضرورت ہے۔ اور میں یہ کھل کر کہنا چاہتا ہوں کہ آپ یہ سمجھ لیں۔ یہ میرا چرچ ہے۔

(31) میں یہاں تین سالوں سے ہوں۔ اور میرے لیے صرف ایک دروزہ کھلا، اور وہ بھائی میک تھا جس نے مجھے منادی کرنے کیلئے بلایا۔ خدا اِسے برکت دے۔ مجھے دوسرے لوگوں کی طرف سے دعوت نہیں ملی؛ اور اُنکے خلاف کوئی بات نہیں ہے، وہ سب ٹھیک ہیں۔ بھائی بروک، جو میرے اچھے دوست ہیں، اور بھائی گل مور، اور یہاں بہت سے پنتی کاسٹل بھائی ہیں، اور وہ، میرے بہت اچھے اور خاص دوست ہیں۔ میں اُن سے محبت کرتا ہوں؛ اُنکے خلاف کچھ نہیں ہے۔ میں اُنکی پوزیشن سمجھتا ہوں۔ وہ مجھے یہاں نہیں بلا سکتے، کیونکہ وہ اپنی تنظیم کے پابند ہیں۔ دیکھیں، وہ ایسا نہیں کر سکتے۔ کیونکہ، اگر وہ ایسا کریں گے، تو اُنہیں باہر نکال دیا جائے گا۔ پس آپ اُنکی مجبوری کو سمجھیں۔ مجھے بھی اس چیز کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ لیکن، میرے خُدایا، ایسا ہمیشہ ہوتا ہے، ''لیکن پہلے خدا کی بادشاہی،'' اور خُدا کی مرضی کو تلاش کریں۔

(32) اور اب دیکھیں، بھائی گرین کو، خدا نے یہاں بھیجا ہے تا کہ وہ اس قیمتی ایمان کے لیے یہاں چرچ قائم کرے جس پر ہم ایمان رکھتے ہیں، ہمیں اس کیلئے خدا کا بہت شکر گزار ہونا چاہیے، اور ہر عبادت میں شامل ہونا چاہیے، اور ہر مقام کو لینا چاہیے جو ہم لے سکتے ہیں۔ اور اگر ہمیں پکار کر بلایا جائے، کہ دُعا کریں، تو دیکھیں، ایسا ضرور کریں، اور آئیں اچھے سپاہی بنیں...... اور ایسا کرنے کے

لیے فکرمند ہوں۔ سمجھے؟

(33) پیغام کو عزیز رکھیں، ٹھیک طریقے سے زندگی بسر کریں۔ کسی طرح کا دھبہ اس پر نہ آنے دیں۔ ہم آخری وقت میں جی رہے ہیں۔ ہم۔ ہم اس گھڑی کے اختتام پر ہیں۔ پاکیزگی میں زندگی گزاریں۔ دیکھیں، میری زندگی، آپکی زندگی، ہم سب کی زندگیوں کو، خدا کے حضور پیش ہونا ہے۔

(34) ہمارے نوجوان لوگ، ایک جگہ سے دوسری جگہ، ایک شو سے دوسرے شو تک گھومتے رہتے ہیں، اور خدا سے دور اور دور ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے۔ اب، یہ حقیقت ہے۔ میں اس بات کو اپنے بچوں میں دیکھ رہا ہوں، میں اپنے آپکو اُس جگہ پر دیکھ رہا ہوں جہاں کچھ نہیں...... آپ، آپکو ایکساتھ جمع ہونا چاہیے، تا کہ خدا کی پرستش کریں؛ بائبل نے ایسا کہا ہے، ''جب ہم اُس دن کو قریب آتے دیکھیں، تو زیادہ جمع ہوا کریں۔'' اگر یہاں دو لوگ ہوں، تو اُن میں سے ایک آپ ہوں۔ اب دیکھیں...... اگر ہم اکھٹے ہو کر اور مل کر پرستش کر سکتے ہیں، تو پھر ہم کریں، کیونکہ اس بارے میں کچھ اور بھی ہے، یسوع نے کہا، ''جہاں دو یا تین میرے نام میں جمع ہوتے ہیں، میں وہاں اُنکے درمیان موجود ہوں۔''

(35) اب، جیسا کہ میں نے پہلے کہا، بھائی گرین نے مجھ بتایا، اور اُس نے یہ کہا۔ میری بیوی میری پاس آئی، اور مجھے بتایا کہ اُس نے کیا کہا تھا تب میں باہر تھا۔ جیسا، اُس نے آج صبح بھی کہا، ''پُلپٹ ہر وقت موجود ہے۔'' اب دیکھیں...... میرے، بولنے کیلئے یہ ہر وقت موجود ہے۔

(36) اب، عام طور پر، مجھے جیفرسن ویل، انڈیانا تک گاڑی چلا کر جا پڑتا ہے، تا کہ وہ پیغام دے سکوں جو خُدا نے مجھے دیا ہے، تا کہ اُسکے لوگوں تک پہنچاؤں؛ جیفرسن ویل، انڈیانا کے وسیلے، آپ میں سے ہر ایک جو ملک بھر میں تار سے جڑے ہوئے ہیں، یا تاروں اور دیگر چیزوں سے منسلک ہیں، وہ پیغام حاصل کر سکیں، کیونکہ یہی وہ چیز ہے جس پر ہم جی رہے ہیں۔ دیکھیں، یہ ہی ہے جس کیلئے ہم یہاں ہیں۔ خیر، ہمیں اِس سے بڑھ کر کچھ اور کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

(37) خُدا مجھے پیغام دیتا ہے، تو میں یہاں پلپٹ پر آ کر منادی کرتا ہوں، اور آزادی محسوس کرتا ہوں۔ جی ہاں۔ اور میں ایمان رکھتا ہوں، بھائی کے وسیلے، قادرِ مطلق خُدا آپکو برکت دے گا اگر آپ

فقط اس کلیسیا، اور لوگوں کے اس گروہ کے ساتھ کھڑے ہو جائیں۔صرف یہ ہی نہیں، بلکہ آئیں باہر نکلیں اور دیکھیں کیا ہم دوسروں کو اندر لانے کیلئے نہیں مل سکتے۔دیکھیں، ہر جگہ دوسروں سے بات کریں، اُنکے ساتھ اپنے چرچ کے بارے میں بات کریں اور اُنہیں بتائیں یہ کیا معنی رکھتا ہے۔یہ ہمارا چرچ ہے......ہم یہاں ہیں۔ہم چاہتے ہے کہ آپ آئیں، اور دوسروں کو بھی لائیں، اور میں پُر یقین ہوں کہ یہ ہم سب کے لیے اچھا ہوگا۔دیکھیں؟ ہمارے پاس عمارت ہے، جسکے لیے ہم شکرگزار ہیں۔ہم اس جگہ کے لیے شکرگزار ہیں، تا کہ یہاں اکھٹے ہوسکیں۔

(38) لیکن، ''باری تعالیٰ ہاتھ کے بنائے ہوئے گھروں میں نہیں رہتا، دیکھیں، 'آسمان میرا تخت، اور زمین میرے پاؤں تلے کی چوکی ہے: تم میرے لیے کیسا گھر بناؤ گے یا میری آرامگاہ کونسی ہے؟ لیکن تُو نے میرے لیے ایک بدن تیار کیا ہے۔'''

(39) اور ہم مسیح کا بدن ہیں۔پس ہم ایک بلڈنگ سے دوسری بلڈنگ میں جارہے ہیں، میرا خیال ہے، اپنے پیغام کو یہاں لائیں، اور ہم یہاں آئیں اور شفائیہ عبادات کو سرانجام دیں۔اور جو کچھ بھی خداوند ہم پر آشکارا کرے ہم وہ کریں، ہمیں بالکل وہ کرنا چاہیے، جب تک یہ بلوغت کو نہ پہنچ جائے آپکو اسے ایک مقام سے، پھر دوسرے مقام تک لیکر جانا ہے، جب تک یسوع نہ آجائے۔خدا آپکو برکت دے۔

(40) [بھائی پیری گرین گفتگو کرتا ہے، اور پھر بھائی برنہم سے کہتا ہے کہ اسے مخصوص کریں۔ ٹیپ پر خالی جگہ-ایڈیٹر۔]

آئیں اپنے سروں کو جھکائیں۔

(41) عزیز خدا، جبکہ ہم اس پلیٹ فارم پر کھڑے ہیں، اور جو یہاں مذبح، پر موجود ہیں، ہمیں یہ احساس ہے کہ-کہ یہ مرنے والی نسل ہے، جہاں تک اِس زمین کا تعلق ہے۔ہم سڑکوں پر نگاہ ڈالتے ہیں تو ہر جگہ گناہ لکھا ہوا نظر آتا ہے، اور خداوند کا جلال تیزی سے رخصت ہورہا ہے۔اور ہم جانتے ہیں، جب خداوند کا جلال چلا جائیگا، تو پھر کلیسیا بھی اُسکے ساتھ چلی جائیگی۔اے خدا، ہم بھی وہاں جانا چاہتے ہیں۔

(42) کچھ دن پہلے، یہاں سڑک کے کنارے کھڑے ہوئے، سڑک کے اُس پار، پریڈ کو اُس سڑک سے گذرتے دیکھ رہا تھا؛ اور پہلی جنگ کے وہ ٹینک دیکھے جو راستے میں رہنمائی کر رہے تھے، اور پھر ایک بڑا شیر مین ٹینک آیا، اور اُسکے پیچھے پھر اور آرہے تھے، اور پھر گولڈ اسٹار مدرز آئیں؛ وہ چھوٹا بکھرا ہوا خاندان، اپنی روتی ہوئی بیوی کے ساتھ تھا، اور بچارا لڑکا جس نے اپنے باپ کو کھودیا تھا، اور وہ بوڑھی ماں جس نے اپنے بیٹے کو کھودیا تھا۔ میں نے سوچا، ''کتنی دردناک بات ہے،'' جبکہ وہاں سڑک کے کنارے کھڑے اس چیز کو جاتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔ اور پھر غور کیا، جیسے ہی اُن لوگوں نے اُس بلڈنگ کو پار کیا، تو پھر میوزک بدل گیا، آگے بڑھتے جاؤ مسیحی سپاہیو۔ وہ پیچھے، اپنا مارچ کرتے آرہے تھے؛ اور جب وہ اُس جگہ سے گذر گئے تو یہ ختم ہو گیا!

(43) پیارے خدا، میں ایک عظیم آنیوالے وقت کے متعلق سوچ رہا ہوں، اور وہ جی اُٹھنا ہوگا، جب پُرانے وقتوں کے، وہ مقدسین، اور بزرگ، پہلے سامنے آئیں گے۔ ''کیونکہ ہم جو زندہ ہیں اور خُداوند کے آنے تک باقی رہیں گے سوئے ہوؤں سے ہرگز آگے نہ بڑھیں گے؛ کیونکہ خداوند کا نرسنگا پھونکا جائیگا، اور وہ جو مسیح میں موئے ہیں جی اُٹھیں گے۔'' اور پھر ہم اُن عظیم......لوگوں کو جاتے دیکھیں گے، وہ آسمان پر جائیں گے؛ اور وہاں ہم کھڑے ہونگے، اور اپنی تبدیلی کیلئے انتظار کریں گے، اور یہ جانتے ہیں کہ ہم بھی، قطار میں ہونگے۔ اے خدا، ہمیں وفادار سپاہی بنا۔

(44) صرف وہی جو حقیقی طور پر اُسکے ساتھ منسلک ہو کر اس جنگ میں رہ چکے ہیں وہ جانتے ہیں کہ اسکا کیا مطلب ہے، جب ان ٹینکوں کو گھومتا دیکھتے ہیں۔ اور، اے خدا، ہم سوچتے ہیں وہ جو زندگی کی جنگ میں رہ چکے ہیں وہ اسکا مطلب جانتے ہیں، جبکہ ہم اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں تا کہ اپنے مقام اور جگہ میں، جی اُٹھنے کے روز، اُوپر جا سکیں۔

(45) اور یہ، میرا نوجوان بھائی، جو یہاں کھڑا ہے، تیاری کے ساتھ، تیار ہے، کپڑے پہنے ہوئے، انتظار کر رہا ہے کہ کوئی بوڑھا شخص اسکی جانب ہاتھ بڑھائے، یعنی ایک ایسا شخص جو تجربہ کار ہے اور فرنٹ لائن میں کھڑا ہوا ہے، اور یہ جانتا ہے، کہ اِسے بھی جنگ میں شامل ہونا ہے۔ عزیز خدا، تیری حضوری میں، اِن کمزور ہاتھوں کو میں اس بھائی پر رکھتا ہوں۔ بھائی گرین کو برکت دے، پیارے

خدا، میں اِسے یسوع نام میں برکت دیتا ہوں۔اور یہ اِس پیغام کو آگے بڑھائے، خداوند، اس شہر میں یا جہاں کہیں بھی تو اسے بلائے۔ ہونے دے کہ یہ وفادار رہے، رُوح سے بھرا رہے، ایسی زندگی جیئے جو بدنامی سے بالاتر ہو۔اے خدا، اسے لوگوں کے دل سونپ دے، تاکہ یہ اِنہیں سیکھائے اور انکی رہنمائی ٹھیک راستے پر کرے جہاں جانے کے ہم خواہش مند ہیں۔خداوند، یہ بخش دے۔

(46)اسکی وفادار بیوی کو، اور اِسکے چھوٹے بچوں کو برکت دے۔اور زمین پر مسیحی بھائی ہوتے ہوئے، ہماری کاوشوں کو ایکساتھ برکت دے، تاکہ ہم تیری انجیل دُنیا کے آخری کونے تک لیکر جائیں۔اے خُدا، اپنی رُوح اس پر بھیج۔ہم یہ دُعا یسُوع مسیح کے نام میں مانگتے ہیں، اور ہم اسے تیرے سپرد کرتے ہیں۔آمین۔

بھائی پیری، خدا آپکو برکت دے۔خدا کے کلام کو تھام لیں!

تم میرے لئے کیسا گھر بناؤ گے؟

(What House Will You Build Me?)

URD65-1121

یہ پیغام برادر ولیم میریئن برینہم کی جانب سے، بنیادی طور پر انگلش میں اتوار کی صُبح، 21،نومبر، 1965 ، ٹیوسان ٹیبر نیکل ان ٹیوسان، ایری زونا، یو۔ایس۔اے۔ میں دیا گیا، جوکہ ٹیپ ریکارڈ نگ سے لیا گیا اور بلا اختصار انگلش میں چھاپا گیا تھا۔ یہ اُردو ترجمہ وائس آف گاڈ ریکارڈنگز کی جانب سے شائع اور تقسیم کیا گیا ہے۔

URDU

©2021 VGR, ALL RIGHTS RESERVED

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

E/227 ڈیفنس ویو، فیزII، کراچی 75500، پاکستان

فون: 0092-21-35891078

VOICE OF GOD RECORDINGS
P.O.Box 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.
www.branham.org

## حقِ اشاعت کی اطلاع

تمام جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب ذاتی استعمال کیلئے گھر میں پرنٹر کے ذریعے چھاپی جاسکتی ہے،اور بلا قیمت تقسیم کی جاسکتی ہے، جوکہ یسُوع مسیح کی خوشخبری پھیلانے کا ایک وسیلہ ہے۔ اِس کتاب کو نہ ہی بیچا جاسکتا ہے، نہ ہی بڑے پیمانے پر دوبارہ چھاپا جاسکتا ہے، نہ ہی کسی ویب سائٹ پر لگایا جاسکتا ہے، اور نہ ہی اِسے کسی تلافی کے نظام میں ڈالا جاسکتا ہے، نہ ہی دوسری زبانوں میں اِس کا ترجمہ کیا جاسکتا ہے، اور نہ ہی بغیر وائس آف گاڈ ریکارڈنگز کی جانب سے واضح تحریری اجازت نامہ کے علاوہ کسی فنڈ وغیرہ کا اصرار کیا جاسکتا ہے۔

برائے مہربانی، مزید معلومات کیلئے یا دیگر دستیاب مواد کیلئے رابطہ کریں:



VOICE OF GOD RECORDINGS
P.O.Box 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.
www.branham.org